© rasailojaraid.com



دوم: شخصیت پرستی کی حوصلہ شکنی کی جائے، ہمارے لیے تمام مسالک کے اکابر یکساں محترم ہیں۔ اپنے مسلک کی بے جا حمایت اور عقیدت میں غلو کرنا ہرگز صحیح نہیں ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ملکی سطح پر علماے کرام کو مل کر ایک فقہ کونسل بنا لینی چاہیے جیسا کہ بھارت میں بنائی جاچکی ہے اور پھر اس کے اوپر بین الاقوامی فقہ کونسل تشکیل دینی چاہیے جس کا مرکز سعودی عرب کا کوئی شہر ہونا چاہیے (ص ۲۲)۔ ایسی تجاویز سے مذہبی منافرت کم ہو سکتی ہے۔ (ڈاکٹر محمد خلیل)

## تعارف کتب

☆ **علم و ہدایت**، ڈاکٹر محمد ایوب خان۔ ناشر: ادارہ اشاعت قرآن، ۲۹۴ ایکسٹنشن، کیولری گراؤنڈ، لاہور کینٹ۔ صفحات: ۱۸۴۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [۳۵ موضوعات: کائنات قرآن کی نظر میں، محلہ وار تنظیم، تکفیر مسلم، نپولین کا خط، اسلام میں حکومت کا تصور، اسلام کا نظریۂ جہاد، اسلام اور سیکولرازم، ضیاء الحق کی وفات، شرعی طلاق، نفاذِ شریعت، اسلامی نظام وغیرہ پر مصنف کے مختصر مضامین، آسان زبان میں مسائل کو سمجھانے کی کامیاب کوشش۔]

☆ ماہنامہ **بک ڈائجسٹ**، مدیر اعلیٰ: مظہر سلیم مجوکہ۔ ناشر: بک مین، الشجر بلڈنگ، نیلا گنبد، لاہور۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۴۰ روپے۔ [روح الحدیث کے عنوان سے صحاح ستہ سے احادیث نبوی کا موضوع وار انتخاب، مرتب: سید قاسم محمود۔ یہ ایک نیا ماہ نامہ ہے۔ ہر ماہ ایک مکمل کتاب پیش کرنے کا عزم ہے۔]

☆ ماہنامہ **نونہال**، مدیر: مسعود احمد برکاتی۔ ناشر: دفتر ہمدرد نونہال، ناظم آباد، کراچی-۷۴۶۰۰۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت (خاص شمارہ): ۲۵ روپے۔ [سالانہ روایت کے مطابق، خاص شمارہ۔ بچوں کے لیے سبق آموز اور معلومات افزا کہانیاں، مضامین، نظمیں اور لطائف وغیرہ۔]

☆ **اسلام کا سفیر**، مرتب: محمد متین خالد۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز، ۳۴-اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۴۳۲۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [سرورق: ''قائداعظم کی اسلامی زندگی کے ایمان افروز حقائق و واقعات پر مبنی مستند دستاویز'' (مگر کیا ان کی کوئی 'غیر اسلامی زندگی' بھی تھی؟)۔ ۳۹ معروف اصحاب کے نئے پرانے مضامین کا مجموعہ۔ بقول دیباچہ نگار مجید نظامی صاحب: 'ایک منفرد، اہم اور قابلِ توجہ کتاب'۔ قائد کی ایک عمدہ تصویر۔]

☆ **مادرِ ملت مِس فاطمہ جناح**، شازیہ کنول۔ ناشر: اظہار سنز، ۱۹- اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۶۳۔ قیمت: ۴۰ روپے (مجلد: ۸۰ روپے)۔ [سوال و جواب کے ذریعے محترمہ فاطمہ جناح کی حیات و خدمات کا تذکرہ۔ چند منظومات بھی شامل ہیں۔ ''سالِ مادرِ ملت ۲۰۰۳ء'' کے حوالے سے شائع ہونے والی کوئز کتابوں میں یہ کتاب بہتر ہے۔]

© rasailojaraid.com